سوال

میں مسجد کا امام ہوں، میرے پاؤں میں فریکچر ہوگیا ہے، کیا میں کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھا سکتا ہوں؟ میں قیام اور رکوع کھڑے ہوکر کرتا ہوں اور سجدے کرسی پر کرتا ہوں۔

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کے لیے مستحب اور افضل ہے کہ جب وہ بیمار ہوجائے اور کھڑے ہوکر نماز پڑھنے سے عاجز آجائے تو اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو امام مقرر کردے؛ کیونکہ بیٹھ کر نماز پڑھانے والے امام کی امامت کے صحیح ہونے کے بارے میں اہلِ علم کا اختلاف ہے، لہٰذا اس طرح وہ اختلاف سے بچ جائے گا۔ نیز اس لیے بھی کہ کھڑے ہوکر نماز پڑھنے والے کی نماز زیادہ کامل ہوتی ہے، اس لیے مستحب ہے کہ امام ایسا شخص ہو جو کامل طریقے سے نماز ادا کرنے والا ہو۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ